اوری نو بیا خبره داسے ده چه د هغے خلاف آپریشن کول پکار دی۔ دا دوه خبرے دی یا به ئے کښینوئ په میز باندے به خبره اوکړئ او چه هغه نه کوی نو بیا خبره داسے ده چه آپریشن به پرے کوؤ۔ دلته مسئله داسے ده چه اوسه پورے زمونږه خلق او په دے ایوان کښے هم زمونږ ناست ورونړه په دے باندے پوهه نه دی چه بهئ! زمونږه لاره کومه یوه ده؟ د خبرو لاره ده، که د جنگ لاره ده؟ که خبرے کوؤ نو بس کښینئ چه خبره باندے اوکړو۔ دویم فریق ته پکار ده چه یو ډیر Clear message لاړ شی چه په خبرو باندے مونږه کوؤ او زما دا باور دے چه کم از کم دے ایوان کښے چه څومره کسان ناست دی غواړی به دا، ولے چه مونږه جمهوری خلق یو، مونږه امن غواړو، مونږه پښتنو همیشه خپل کار په جرګو باندے دغه کړے دے۔ مونږه وایو چه راشئ کښینئ خو داسے خو امن نه راځی کنه چه زهٔ درته وایم چه کښینه خبره کوؤ او تهٔ وایئے چه دا خبره زهٔ منم، دا نه منم، دیکښے زما واک نشته۔ مسئله داسے ده چه هر یو کس دلته امن غواړی، تجاویز به بیل وی، طریقه کار به بیل وی خو امن غواړی او خلق هم ولاړ دی، هغوئ وائی چه تاسو څه وایئ، مونږه درپسے یو خو کنفیوژن دے، د پالیسی کنفیوژن دے، په هر یو اداره باندے ګوتے خلق هم نیسی۔ مونږه راپاڅو خپلو ورونړو ته وایو چه یره تاسو نه مونږ ته وراثت کښے ملاؤ شوے دے۔ هغوئ راپاڅی او وائی تاسو هسے ګپ شپ لګوئ، د خلے خبرے کوئ، نور څه نشته۔ سنټرل حکومت راشی، هغه وائی مونږه امن غواړو، دهشتګردی نه منو خو بیا د هغے اداره هغه د سنټرل حکومت خبرے نه منی، بیا زمونږه ادارے هغه هم زمونږه خبرے نه منی نو حل ئے څه دے؟ جناب سپیکر صاحب، هم دغسے به یو به یو اړخ ته روان وی بل به بل اړخ ته روان وی، د دے خو دا حل نه دے۔ جناب سپیکر صاحب، زما وړومبے تجویز دا دے چه د دے هاؤس د یوه کمیټی جوړه شی چه په هغے کښے د هر یو پارټئ مشر د کښینی او د دے پالیسئClearance د اوکړی چهClarify شی چه ټولو نه تپوس اوکړو چه که هغه د فیډرل ګورنمنټ مشران دی او که زمونږه مشران دی چه مونږه کښینو دلته چه بهئ! غواړو څه؟ د دهشتګردئ مخالفت به کوؤ که نه پټ په پټه به ورسره ملګرتیا کوؤ؟ مقصد مو څه دے؟ دلته زما ډیر مشرانو

خبرے او کړے ، ډیرو ملګرو خبرے اوکړے ، یوه خبره هغوی ټول کوی، بار بار کوی، زۀ نه غواړمه چه ډیټیل کښے لاړ شم خو زۀ به یوه خبره، زما اعتراض دے ، هر یو کس خبره کوی چه د امریکے ملګرتیا ، د امریکے دشمنی، د هندوستان ملګرتیا او د هندوستان دشمنی، زما خیال دے چه زۀ نن تاسو ته دا وایمه چه په International relation کښے ملګرتیا او دشمنیانے نه وی، دا مفادات وی مفادات، چه کوم ځائے کښے زمونږه مفاد یو وی، پکار ده چه مونږه ورسره ملګرتیا هم اوکړو پاڅو نن خو چه چرته ملګرتیا نه وی، مفاد یو وی، د ملګرتیا ضرورت نشته، پکار ده چه نن مونږه ټول دلته یو ځائے شو او تپوس اوکړو د فیډرل ګورنمنټ نه او ټول اوولس چه مونږه پوهه کړی چه زمونږه دا جنګ چه روان دے او په دیکښے زما دا مشران، زما بچی، زما خوئندے بے عزته کیږی، مړے کیږی، دا زمونږ په مفاد کښے دے که نه دے ؟ او پکار دا هم ده چه زۀ دے بل فریق نه هم تپوس اوکړم چه 'طالب' ځان ته وائی او کله 'لشکر اسلام' ځان ته وائی او که دهشتګرد ځان ته وائی، چه هر یو دے ، چه ستا څه مفاد دی؟ ستا دشمنی امریکنی سره ده، هندوستانی سره ده او که ما سره د ده؟ زما د لور، خور بے عزتی ستاسو مقصد حل کوی؟ زما د بے ګناه څوی، ورور، خور مرګ ستا مقصد حل کوی؟ ستا دشمنی ما سره ده، که دشمنی د امریکنیانو او هندوستانیانو سره ده؟ خبره داسے ده چه څو پورے مونږه خپلے پالیسئ Clear کړے نه وی، دا جنګونه مونږه نه شو کولے۔ خبره د یووالی او اتفاق ده او یووالے او اتفاق به هله کیږی چه راغونډ شو او یوه خبره باندے لبیک اوکړو۔ دا د سیاست خبره نه ده، دا زمونږه د بقاء خبره ده۔ دا زمونږه د عزت خبره ده۔ مرګ هم شته، د ګور شپه په کور نه وی خو دا بے عزتی خو نه زما په خپل ځان پیرزو ده او نه مو په یو پښتون مسلمان باندے پیرزو ده۔ دا هره ورځ چه بے ګناه خلق مری، دیکښے خو امریکنے یو هم مړ نه شو۔ بونیر کښے څومره امریکنی مړه شو، څومره هندوستانی مړه شول، یو کس مړ شو جناب سپیکر صاحب؟ پالیسی پکار ده چه Clear وی او ورپاڅئی چه پالیسی Clear شی نو بیا Strategy clear پکار ده او هغے د پاره زۀ بیا خواست کوم چه د پارلیمانی لیډرانو یوه کمیټی جوړه شی او په هغے دا او شی چه

پالیسی Clearشی او پالیسئ د پاسه Strategy clearشی چه یوه طریقه دا به کوؤ، که هغه په مذاکراتو باندے ده که هغه په جنگ باندے ده خو چه یوه Strategy جوړه شی او په هغے Strategy باندے مونږه روان یو۔ جناب سپیکر صاحب، خپلے خبرے ته به راشو، د دے صوبے خبرے ته به راشو او بیا به زۀ شروعات او کړم وړومبے د خپلے ضلع نه، خپل کور نه۔ د پښتو متل دے، وائی چه په کلی د راشی، د کور غم کوه او په کور باندے چه راشی د خپل ځان غم کوه۔ جناب سپیکر صاحب، دے ځائے کښے مونږ ته لویه مسئله د ټرائبل بیلټ نه ده او په ټرائبل بیلټ کښے مونږ ته مسئله چه ده، هغه د خیبر ایجنسئ نه ده۔ زما او زمونږ د ډپټی سپیکرصاحب حلقے ته د 'لشکر اسلام' مسئله چه کله نه راغله، اوتهٔ هم نه وو اغستے مونږه، ډزے او دغه حالات وو، اوس ورسره د طالبانو هم راغلے دے، هره ورځ بیان ګورو، دوه درے کسان ورسره نور هم راشی چه دا فلانے ګروپ دے، دا ډینګرے ګروپ دے۔ مسئله دا سے ده چه د دے هر یو ګروپ ځایونه خلقو ته په نښه دی، پرون راسے جنګ شروع شوے دے، زمونږه چه کوم دا وروڼره او خوئندے حیات آباد کښے اوسیږی، د هغوی نه تپوس اوکړئ، پرون راسے او تر ننه ډزے دی، زما په حلقه کښے کوم ځنګلی کښے کوهاټ روډ باندے چه څومره زما حلقه راځی او د ډپټی سپیکر صاحب په هغے باندے یوه کرفیو هم شوے ده او مونږ ته چا وئیلے هم نه دی چه دا کرفیو کوؤ، دغه کوؤ، هغه خبره به نه کوؤ، هغه ځایونه ولے نه ټارګټ کیږی چه کوم ځایونه خلقو ته پته ده چه په دغه ځائے کښے د غلو والا ناست دی، دغه ځائے کښے دا ډاکو والا ناست دی، هغه ولے نه ټارګټ کیږی؟ نن سبا خو ډیره عجیبه غوندے اسلحه ده چه کوم ورځ باندے منګل باغ راتلو او شاه کس ته اورسیدو نو دے زمونږه د ګاونډ نه، د اسمبلئ ګاونډ نه، د آرمی سټیډیم نه ئے په مارټرز اوویشتل او هلته نه ئے اوتښتول، چه دومره Precise اسلحه شته دے نو د دوئ دا ځایونه ولے دغه دی او که نه بله خبره ده؟ دا خبره ده چه نه، دوئ به Patronage هم کوی نو چه Patronage ئے کوی نو دا خلق به سپورټ کوی خو مونږ هم په دے باندے پوهه کړئ کنه چه یره دا کسان ګورے زمونږه ملګری دی، دا کسان ګورے زمونږ خپل دی چه مونږ ته ئے

هم اوښائی۔ مونږه خدائے وهلی یو چه مونږه به د خپل وطن مفاد، د خپلو پښتنو او د خپلو مسلمانانو د مفاد خلاف خبره کوؤ؟ بالکل به ئے نه کوؤ خو پوهه خو مو کړئ چه دیکښے خبره څه ده؟ چه یو اړخ ته تاسو ته پته هم ده، اسلحه شته دے، هغه نه کیږی، یو بل خوا ته ده کنه۔ بیا زۀ به خواست کوم جناب سپیکر صاحب، دا خبره زۀ همیشه کوم، مونږه او تاسو، خلقو رالیږلے یو، که مونږه سرخ پوش یو، که د پیپلز پارټئ ملګری یو، که د جماعت علمائے اسلام ملګری یو، که د (ن) ملګری یو، که د هر پارټئ نه یو، په مونږه خلقو اعتماد کړے دے او جمهوریت کښے د خلقو دے رائے ته پکار ده چه اهمیت ملاو شی نو پکار ده جناب سپیکر صاحب، چه نن تاسو د هاؤس یوه کمیټی جوړه کړئ او هغه هاؤس کمیټئ لاندے دا ټومره ایجنسیانے دی، که پولیس دے، که سپیشل برانچ دے، که آئی بی ده، که فیډرل ایجنسیانے دی، دا د ناست وی او هغوئ ته د هر یو شے ښائی چه نن مونږه دا کار اوکړو او دا مو اونکړو او دے وجے نه مو اونکړو چه د خلقو اعتماد لږ بحال شی، چه زمونږه اعتماد بحال شی، چه مونږه چا ته وئیلے شو چه هلکه دا خبره او نه شوه۔ د وقار خان په کور باندے هم چه حمله شوے وه نو فوج ځکه غږ اونکړو چه د دے دا وجه وه چه زمونږه سره خو څه خبره وی چه مونږه ئے کولے شو او که دا خبره نه وی نو پکار ده چه مونږه دوئ ته مشوره ورکړو چه بهتئ دا کار اوکړه، دا زما پالیسی ده، دا زما Strategy ده، داسے به کوے۔ هغے سره جناب سپیکر صاحب، د پیښور د ضلعے او دے نورو ضلعو بمطابق زۀ یو تجویز بل ورکومه، خاصکر د پیښور د ضلعے د پاره ما متل د پښتنو اوکړو، بیا به ئے هم اوکړم چه په کور د راشی، د ځان خیال ساته، زۀ نن د ځان خیال ساتم۔ زما ټول پښتانه وروڼره دی او ټول دغه دی جناب سپیکر صاحب، زۀ تاسو نه دا رولنګ غواړم چه کله د منګل باغ یا د هر یو سړی او د خیبر ایجنسئ نه چه کوم یو قوم که هغه د منګل باغ قوم دے او که د بل دے، چه کوم ورځ هغه زما علاقے ته راغلو او زما د علاقے د امن و امان خطره جوړه شوه او د هغے کوشش اوکړو چه ختم کړی، پکار ده چه دا قوم ټومره چه دلته خلق وی چه زۀ ئے جیل ته اولیږم، د هغه چه ټومره کاروبار دے، زۀ ئے بند کړم او د هغه چه ټومره لاره ده، په

هغے باندے به هغه بند ساتم، دا Strategy پکار ده چه هغوئ ته پته وی چه چرے زما ځوے نه پریږدی، زما خور نه پریږدی، زما لور نه پریږدی، زما د مور بے عزتی کوی، زما د بچی دلته هیڅ تحفظ نشته نو تهٔ به هم نه راځے۔ زما په دغه باندے دا اوس د ځان خبره ده البته چه پښتو کوی یا ملګرتیا کوی، ما سره کار مه لره راشه، سمه خبره اوکړه چه زهٔ هم درسره خبره اوکړم چه که تهٔ ټهیک ئے چه زهٔ درسره ملګرتیا اوکړم خو چه که داسے نه وی چه دشمنی د بل چا سره ده او تهٔ راځے او په ما باندے ډز ډز او ټوک د ټپوس نشته جی چه څو پورے زهٔ ټپوس اونه کړمه، دا د پاکستان قانون دے چه کله فیډرل ګورنمنټ او ګورنر صاحب هغه غواړی چه یو قوم هغه له سزا ورکړی نو هغه به راشی او په Settled area کښے به ایف سی آر لاندے د هغه ټول املاک سیل کړی، دا زهٔ ولے نه شم کولے؟ ولے زهٔ پاکستان کښے نه یم؟ لاګو هم هغه ایف سی آر کړی، لاګو دفعه 144 کړی، په تین ایم پی او کښے ئے دننه کړی خو چه څو پورے مونږه Practical steps نه اخلو نو دا نه کیږی۔ دا په کرفیو باندے نه ده، دا په دے هم نه ده چه دوه درے کسان به چه پنړ اچوی او بدمعاشان به راغونډ کړی، دا د بدمعاشانو کار نه دے، دا مافیا ده او Insurgency ده، دا په وړوکی دغه باندے۔ جناب سپیکر صاحب، زما دریم تجویز، اکثر په اخبارونو کښے مونږه ګورو چه دومره ازبک اونیولی شو، دومره غیر ملکیان اونیولی شو، ګورو او بیا ئے پته نه لګی چه هغوی ته څه سزا ورکړے شوه او که نه څه چل اوشو چا پریښودل، څه چل اوشو؟ د هغوی Transparency نشته دے جی۔ زما دا خواست دے چه دغه ملک کښے، زمونږه په دے ټوله سیمه کښے، د پښتنو په دے ټوله سیمه کښے چه کوم ځائے کښے بهرنے سړے دے چه هغه چرته نه هم راځی، پکار ده چه لوکل تهانړے کښے د هغه رجسټریشن کیږی او هغه وخت پورے کیږی چه څو پورے د هغه دا پته نه وی لګیدلے چه دا سړے صفا دے او بیا به ئے تهانړه ذمه واره وی چه هغه له د صفا چټ ورکړی او بیا هغه څه کوی نو تهانړه پکار ده چه ذمه وار شی چه هغه دغه کیږی۔ زهٔ څه وایمه، زهٔ دا وایم چه هر یو کس که هغه افغان رفیوجی دے، که هغه بل دے، هغه چه زما په کلی کښے اوسیږی نو پکار ده چه د څوکنو تهانړه د

هغه رجسټریشن اوکړی او ریکارډ ئے ساتی۔ پکار ده چه بډه بیره کښے اوسیږی چه د بډه بیرے تهانړه ئے کوی۔ پکار ده چه ښار کښے اوسیږی، اوس خو عجیبه غوندے خبره ده، وائی کیمپونه وران کړئ، کیمپونه وران شو، بهر خو لا نه رل، افغانستان ته خو لا نه رل، هغه خو زما په کلو کښے ، ستا سو په کلو کښے ، زمونږه په ښاریو کښے روان دی او چه کله د پولیس خوښه وی او نور څه نه وی، وائی دا ازبک مے اونیولو۔ اوس په دے نه پوهیږو چه سم کار چا اوکړو او غلط کار چا اوکړو؟ هر یو هغه کس د پاره چه پاکستانے نه وی، پکار ده چه د هغه رجسټریشن اوشی او تهانړے د کوی او هر دوه هفتے پس د راغواړی، چه هغه ځائے هم بدلوی نو هم پکار ده چه هغه ځائے ئے رجسټریشن کیږی۔ زۀ وایم جناب سپیکر صاحب، حالات داسے دی چه دے د پاره ضروری ده چه مونږه خصوصی انتظامات اوکړو۔ عام حالت کښے پکار نه ده چه زمونږه ډیر زیات پولیس وے خو اوس پکار ده چه پولیس وی۔ یوه خبره ډیر وخت نه انختے ده جی، هغه زمونږه د ایف سی د پلاټون ده جی، په هغے کښے زمونږه وزیر اعظم صاحب Commitment کړے وو د سلو پلاټون جی، اوسه پورے څه راغلی نه دی جی، یو هم نه دے راغلے نو مونږه به دا خواست هم کوؤ چه د دے کمیټی جوړه شی او د دے ټولو مشرانو د کمیټی جوړه شی چه هغه په دے Liaison ساتی۔ دا چه کومے مسئلے زمونږه فیډرل ګورنمنټ سره انختی دی په سیکورټی باندے ، په لا ء اینډ آرډر باندے ، دا چه کوم تفتیشونه زمونږه دی، پکار ده چه هغه Liaison ساتی او هغے سره د مونږ له دا مسئلے زمونږه حل کوی۔په زړه مے ډیر څه دی جناب سپیکر صاحب، خو دا به ډیر اوګنړم، ډیرو مشرانو خبره اوکړه۔ شکریه۔

<u>جناب سپیکر:</u> شکریه، ثاقب چمکنی صاحب۔ جناب اکرم خان درانی صاحب۔ ډیره یو اهم موضوع ده، ملګرو اوچیړله نو دے باندے ستاسو خیالات لږ پکار دی۔ جی اکرم خان درانی صاحب۔

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر صاحب، اکرم خان صاحب کا مائیک بند ہے، پہلے میں بولوں گا پھر میرے بعد یہ بولیں۔ اگر آپ سر، اس کو Continue کرتے ہیں تو پھر تو بات ہے۔ کل ہے تو پھر ٹھیک ہے۔

جناب سپیکر: آپ کہہ رہے ہیں تو پھر لودھی صاحب۔ جناب قلندر خان لودھی صاحب۔

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر صاحب، میں آپ کا بہت مشکور ہوں کہ آج مجھے آپ نے نہایت ہی اہم Sensitive موضوع پر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جو تجاویز آئی ہیں نا، اس پہ خالی بات کریں۔ کمیٹی کی اور ان دوستوں نے بہت اچھی اچھی وہ دی ہیں، Repetition مزید نہیں ہونی چاہیئے۔

حاجی قلندر خان لودھی: آپ نے اظہار خیال کرنے کا موقع دیا۔ جناب سپیکر، دکھ ہو تو دکھ کا مداوا کیجئے، زندگی خود دکھ بن جائے تو پھر کیا کیجئے؟ (تالیاں) جناب سپیکر، میرا خیال تھا کہ آپ مجھے وقت دیں گے، اجازت دیں گے، میں اس کو لونگا، 'نائن الیون' کے واقعے سے کیا کیا ہو رہا ہے، ملک کے ساتھ اور، صوبے کے ساتھ، اور کیوں کیا جارہا ہے؟ جناب سپیکر، یہ دہشتگرد امریکہ خود ہے اور اس کے بعد ہمارے جو ہمدرد ہیں، اسی طرح روس بھی جو ہمارے ساتھ ہمارا دوست ہے، وہ بھی ہمیں پتہ ہے اور ازلی دشمن جو بھارت ہے، وہ بھی ہمارے سر پر بیٹھا ہوا ہے، یہ مل کے ایک پروگرام بنارہے ہیں اور یہ 'نائن الیون' کو انہوں نے لیا اور وہ القاعدہ کا سربراہ ڈھونڈتے ڈھونڈتے افغانستان کو تہس نہس کیا جو ایک مسلمان ملک تھا۔ روس میں جو خرابی ہوئی، جو اس کی بربادی کی گئی، اس کے بعد وہ ٹارگٹ ہمیں بنارہے تھے لیکن ہم ان کی پکڑ میں نہیں آرہے تو پھر وہاں سے وہ جو ہمارے طالبان یا جو بھی ساتھی وہاں ہیں، ٹھیک ہے ہماری ایک لمبی بارڈر ہے، اس بارڈر کے (آرپار) ایک دوسرے کے ساتھ ہمارے رشتے ہیں، بارڈر کا یہ مطلب نہیں ہے کہ پچاس فٹ اونچی فصیل لگی ہوئی ہے اور ادھر کیا ہو رہا ہے ادھر کیا ہو رہا ہے؟ یہ ہے کہ یہ تھوڑی لائن پٹی ہے، وہاں میرا رشتہ دار رہتا ہے، ادھر میں رہتا ہوں، ہمارے ادھر رشتے تھے، وہ لوگ ہمارے آگئے اور ان کے ساتھ عسکریت پسند بھی آگئے۔ اس وقت مشران سے، علاقہ غیر کے مشران سے، ملکوں سے، ان کے ذمہ داروں سے گورنمنٹ نے یہ مطالبہ کیا تھا کہ آپ یا تو ان لوگوں کو اپنی حدود کے باہر ہم ان کے کیمپ لگائیں، ان کیمپوں تک ان کو محدود کیا جائے یا ان کی آپ رجسٹریشن کرائیں لیکن وہ چیز انہیں پسند نہیں تھی۔ وہی پٹھانوں والی روایت

کہ بھئی جو ہمارے پاس قتل کر کے آجائے یا جو بھی جیسے بھی آجائے، اسے ہمیں امان دینا ہی دینا ہے تو اس پر انہوں نے، یہ جو بھی ہوا، اس پہ اور زیادہ لمبی بات نہیں کروں گا، بات بہت لمبی ہو جائے گی کہ وہاں پھر کیا ہوا؟ اس کے بعد انہوں نے Cooperate کرنے کی بجائے Resist کیا۔ فوج گئی، کیا کیا نہیں ہوا؟ دونوں اطراف سے بربادی ہوئی اور پھر Retreat کرتے کرتے میرے اس جنت نظیر خطہ ملاکنڈ ڈویژن، سوات، باجوڑ، ایسے علاقے جو کہ میرے ڈسٹرکٹ، میرے ہزارہ ڈویژن سے جو ترقی کے لحاظ سے وہ تیس چالیس سال آگے تھا، وہاں جہاں کہ سیاحوں کا اور ٹورسٹس کا وہ ایک مرکز تھا اور گہما گہمی رہتی تھی، ہر سیزن میں وہاں لوگ آتے تھے اور بزنس ہوتا تھا اور بڑا ادھر چین (محسوس) ہو رہا تھا لیکن اس پر انہوں نے ہاں کیا۔ اس کے بعد یہاں بات ہو رہی ہے مذاکرات کی، جناب سپیکر، آپ کے علم میں ساری باتیں ہیں، یہ میرے پاس فائل پڑی ہوئی ہے جناب سپیکر، ہمیں وزیر اعلیٰ نے بلایا، تمام پارلیمانی لیڈروں کو بلایا، فائل میں سب جرگے ہیں، سینیئر منسٹر کے نام بھی ہیں، منسٹروں کے بھی ہیں، ایم پی ایز کے بھی ہیں، مشران کے بھی ہیں اور سوات کے لوگوں کے بھی ہیں، سب کے ہیں۔ اس میں یہ جرگہ بنا، مذاکرات شروع ہوئے، مولانا صوفی محمد صاحب رہا ہوئے، اس کے ساتھ ساتھی رہا ہوئے، مرکز نے Compensation دی، ان کے جو نقصانات ہوئے، وہ صوبے میں Amount آگئی، Allocation آگئی، اس کے بعد چند دنوں اور چند ہفتوں کیلئے امن بھی ہو گیا، بات ٹھیک تھی وہ بھی لیکن یہ جو اصلی دشمن جن کا میں نے نام لیا ہے، انہیں یہ بات پسند نہیں تھی اور انہوں نے وہاں ایسا اپنا رخ اختیار کیا کہ دوبارہ ہمارا یہ جو امن کا مسئلہ تھا، وہ سبوتاژ ہو گیا اور اس پر اسلام کی آڑ میں، دین کی آڑ میں، مذہب کی آڑ میں وہ جو بھی کرتے ہیں، وہ کر رہے ہیں اور وہ میں نہیں سمجھتا کہ طالبان یہ کچھ کر رہے ہیں یا ان کے ساتھ جو عسکریت پسند جو باہر سے آئے ہوئے ہیں جو ان کی سپورٹ میں افغانستان میں ان کے ساتھ گئے ہوئے تھے، یہ سب کچھ وہ لوگ کر رہے ہیں لیکن یہ ان طالبان کو بھی سمجھنا چاہیئے کہ یہ باہر کے جو یہ چاہ رہے ہیں کہ ہم نیوکلیئر پاور ہیں، ہم ایٹمی پاور ہیں، یہ کسی کو پسند نہیں ہے۔ ہمارا یہ کچھ ہونا چونکہ وہ سمجھتے ہیں کہ اتنا چھوٹا سا ملک اور مسلمانوں کا ملک اور یہ ایٹمی پاور بن جائے اور اتنا طاقتور وہ اپنے آپکو کہلوائے، اسلئے ہمارے دشمن سے ہی دشمنی ہے۔ روس کے ساتھ جو ہماری اچھائی ہوئی افغانستان میں، وہ کسی سے پوشیدہ نہیں، کس کی وجہ سے اس نے مار کھائی، وہ ہمارے ساتھ اچھائی ہے۔ امریکہ ہمارے ساتھ اچھائی کرے گا کل، اسکو پتہ نہیں ہے کہ یہ

مسلمان قوم کیسی ہے؟ یہ جب مرتے ہیں تو کہتے ہیں شہید ہیں اور جو مار دیتا ہے تو کہتے ہیں غازی ہیں، ان کے ساتھ کون لڑے گا؟ وہ بھی، ہمارے لئے جو شاطر دشمن بیٹھا ہوا ہے بھارت، وہ تو ہمارے سر پر ہمیشہ بیٹھا ہوا ہے، یہ میرے چیف منسٹر تھے درانی صاحب، ان کے دور میں جو چینی قتل کئے گئے، ان کیلئے جو بیس، بیس لاکھ روپیہ اس نے مقرر کیا تھا، فلور آف دی ہاؤس پر انہوں نے آپکو بتایا ہے اور یہ اب بھی اس بات کو، آپ کوConvince کرنے کی کہ انہوں نے خود انکوائری کی تھی کہ یہ ساری بات ہے۔ تو ہم اپنے دشمن کو سمجھیں، ہمیں As a قوم کچھ سوچیں، ہماری یہ Tradition، تھوڑے وقت کیلئے ہم یہ کہتے ہیں کہ یہ ہو جائے، یہ بند ہو جائے، کوئی نعرہ لگاتا ہے یہ ہو جائے، کوئی کہتا ہے یہ، میں کہتا ہوں کہ اس وقت ان فضول باتوں کی ضرورت نہیں ہے، اس وقت ایک بات کی ضرورت ہے کہ ملک کو کیسے رکھیں گے، قوم کی حیثیت سے سوچیں۔ جناب سپیکر، میری اس میں، میں چونکہ بات تو لمبی کرنا چاہتا تھا لیکن ٹائم کو بھی دیکھ رہا ہوں۔ جناب سپیکر، میری اس میں ایک رائے ہے، رائے یہ ہے کہ جیسے ہر پارٹی کی کوشش ہے لیکن طالبان کون ہیں، وہ کیا کر رہے ہیں؟ وہ مذہبی آڑ میں ساری بات، جو بات وہ کرتے ہیں، وہ کہتے ہیں کہ دین میں ہے یہ باتیں۔ اگر وہ حجام کی دکانوں کو اڑاتے ہیں اور اسکے ساتھ ملازموں کو بھی مارتے اور انکے ساتھ انکے مالکان کو مارتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ داڑھی مونڈ رہے تھے، اسلئے یہ بات کرتے ہیں، وہ بھی دینی اور ویڈیو والوں کو اڑاتے ہیں، یہ دین کی بات ہے۔ اس کے بعد انہوں نے کیا کیا؟ کہ مشران جو انکو اس بات سے منع کرتے تھے یا سمجھاتے ہیں، انکو انہوں نے مارا۔ میرے بھائی واجد خان کی تقریر مجھے یاد ہے، کتنی جذباتی تقریر انہوں نے کی اورForsee کر رہے تھے اور ان کی آنکھوں سے آنسو نکل آئے، ہم کیا کر سکے؟ ان کا بھائی ہی قتل ہو گیا، افتخار خان کا بھائی ادھر ساتھ بیٹھا ہوا ہے، اسکے ساتھ کیا ہوا؟ ہم کس کو بچا سکیں گے اور کیسے یہ بچے گا؟ وہ بات جو بھی کرتے ہیں، جو انکو سمجھاتے ہیں، ان کے وہ گلے پڑتے ہیں۔ اب بات یہ ہے کہ انکو سمجھائے کون؟ میں یہ کہتا ہوں کہ اس وقت ایک فورم ہمارے پاس ہے، وہ مذہبی جماعتوں کے لیڈران ہیں، وہ لوگ ہیں جو مذہبی جماعتوں کے بڑے ہیں، وہ خدا کیلئے اس ملک کی خاطر، ان مسلمانوں کے ملک کی خاطر، اس صوبے کی خاطر آگے آئیں اور انکو آپ نے آگے لانا ہوگا اور انکو ساتھ بٹھائیں گے، جرگہ مار وہی ہو سکتا ہے، وہی فیصلہ کر سکتا ہے جس کو دوسری پارٹی مانے، میں نے وزیر اعلیٰ کو پہلے یہ فائل بتادی، اس نے وضاحت کر دی ہے، گورنمنٹ نے کر دی ہے لیکن اس

طرف سے اسکو، تو اب میں یہ چاہونگا کہ یہ انکو آگے لائیں اور انکو بٹھا کے یہ کریں اور دوسری میری جو رائے ہے، وہ یہ ہے، یہ جو ملاکنڈ بہت بڑا ڈویژن ہے، اسکے ایک سپاہی سے لیکر ایک جرنیل تک پولیس میں بھی ہوگا، ایف سی میں بھی ہوگا، رینجر میں بھی ہوگا اور فوج میں بھی ہے، ان لوگوں کو Depute کریں وہاں، جو لوگ ان کی روایت کو جانتے ہیں، جو لوگ ان کی پشتو کو سمجھتے ہیں، جو لوگ ان کے حالات کو جانتے ہیں، وہ بیٹھ کر مذاکرات کر کے اس بات کو Settle کرتے ہیں، پھر آپس میں وہ اپنا جو بھی میدان لگاتے ہیں، وہ کریں آپس میں تو یہ جو میرے رینگروٹ آپ گجرات سے بھیجیں گے، جنہیں راستے کا پتہ نہیں، جنہیں ان کی شکل دیکھ کے، ان کی بندوق، پتہ نہیں انکے ہاتھ میں رہتی ہے یا نہیں رہتی، ان لوگوں کو اب ان کے مقابلے میں بھیج رہے ہیں؟ خدا کیلئے لوہا لوہے کو کاٹتا ہے، آپ کے پاس جب ایک فورس ہے تو کیا کر رہے ہیں؟ باقی میں یہ نہیں چاہتا کہ میری فوج کمزور ہے، میری آئندہ اپنی فوج پر ناز ہے، وہ ہماری ملک کی بقاء ہے اور ہر ایک کو یہ ماننا ہوگا اور یہ نہیں ہے کہ میں یہ کہونگا کہ وہ ایک ڈسٹرکٹ کو نہیں بچا سکتے، وہ سارے ملک کو بچا سکتے ہیں، انہوں نے اتنی قربانی دی ہے اور آئندہ بھی قربانی دیں گے لیکن اس بارے میں ان کو پوری اجازت نہیں ہے، کبھی کہتے ہیں یہاں کریں۔ میں اس بات پر حیران ہوں جب میرے بھائیوں نے مجھے یہ بتایا کہ دو سو گز سے ہم پر حملہ ہوتا ہے اور ہمارے آئی جی کو بتاتے ہیں، ڈی آئی جی کو بتاتے ہیں، کمانڈر کو بھی بتاتے ہیں اور ہم کہتے ہیں کہ ہمارے پاس اتنا اسلحہ ہے اور ہم ان کے ساتھ اتنے وقت تک لڑائی کر سکتے ہیں لیکن اسکے بعد ہمارے پاس نہیں ہے، وہ کہتے ہیں کہ ہم پہنچ رہے ہیں، پہنچ رہے ہیں لیکن وہ نہیں پہنچتے، پھر ہمیں وہ آرام سے مارتے ہیں، ہمارے ساتھ جو مرضی ہو، وہ کرتے ہیں۔ میں یہ سوچتا ہوں کہ یہ کیا ہو رہا ہے؟ اور اسکے بعد مولانا صوفی محمد صاحب کے ساتھ میں Agree ہوں، اگر وہ یہ ضمانت دے دیں۔ آج بھی میں نے اخبار میں پڑھا ہے، کل کے مشرق اخبار میں، میں نے ان کے اداریے میں پڑھا ہے، وہ یہ کہہ رہے ہیں کہ بھئی شریعت کو نافذ کریں اور شرعی نظام عدل کو لائیں، میری ذمہ داری ہے، اگر پھر عسکریت پسند ہتھیار نہیں ڈالیں گے تو ان کے ساتھ میں لڑوں گا تو میں یہ کہتا ہوں کہ اس میں کیا قباحت ہے؟ کیوں گورنمنٹ اس کو نافذ نہیں کرتی؟ کیوں ہمارے صوبے کو برباد کر رہے ہیں؟ کیوں مرکز والوں کو میری گورنمنٹ اس بات پر مجبور نہیں کرتی؟ جب یہ صوبہ Disable ہو جائیگا تو میرا ملک بھی ایسے ہی کمزور ہو جائیگا اور باہر کے جو دو، ایک، تین طاقتور دشمنوں کے آپکو نام گنیں، ان کو یہ موقع مل

جائیگا اور وہ یہ کہیں گے کہ آپ ایٹمی پاور نہیں ہو سکتے، آپ اس کو نہیں سنبھال سکتے لہذا آپ اسکو نہیں سنبھال سکتے تو اسلئے وہ رول بیک کریں یا ہمارے پاس جو بھی کرینگے۔ جناب سپیکر، یہ ایک پلاننگ ہو رہی ہے مسلمانوں کے ساتھ اور پاکستان کے ساتھ، اس پر As a قوم ہم نے سوچنا ہے، طالبان کو بھی، وہ بھی ہمیں گلے لگائیں، ہم نے بھی ان کو اب گلے لگا دیا، وہ بھائی بنے، مسلمان ہیں۔ ہر ایک ہم میں سے ذمہ دار ہے اور ہر ایک سے اس کی ذمہ داری کے متعلق پوچھا جائیگا اور یہ ہے آخرت، سب نے حساب دینا ہے، اس سے کوئی بری الذمہ نہیں ہو سکتا۔ تو وہ ایسے ہر مسلمان کی حیثیت سے سوچیں اور اگر شریعت، میں تو کہتا ہوں کہ درانی صاحب کے دور میں پوری اسمبلی نے Unanimously شریعت کو پاس کیا تھا بلکہ میں تو کہتا ہوں کہ پورے صوبے میں نافذ کر دیں شرعی نظام، شریعت تو اس میں کیا قباحت ہے؟ اس میں شریعت نافذ کر دیں، ہم مسلمان ہے، ہم نے ایک لاالہ الااللہ کے نام پر ملک حاصل کیا ہے تو ہم نہیں چاہتے کہ اگر وہ لوگ بھی یہی چاہتے ہیں، ان کے سچ اور جھوٹ تو آپ ایک طرف کریں، ایک دفعہ نافذ کر دیں پھر دیکھیں وہ کیا کرتے ہیں؟ نہیں کرتے، مجھے پتہ ہے۔ ٹیکنیکلی کوئی ہے، بلور صاحب فلور آف دی ہاؤس پر بتائیں گے بھی کہ کچھ ہے لیکن اس کیلئے کچھ بیچ وغیرہ بنا کر اس کو کریں تاکہ ہم اپنے صوبے کو سنبھال سکیں اور ہم اپنے مسلمانوں کو مزید آگ میں جلنے سے اور یہ خون کی ندیاں جو بہہ رہی ہے، ان کو روک سکیں۔ بڑی مہربانی، شکریہ۔

<u>جناب سپیکر:</u> ٹھیک ہے، ٹھیک ہے۔ جناب میاں افتخار صاحب۔

<u>میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات):</u> بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ میں اردو میں ہی بول رہا ہوں۔ سب سے پہلے تو وقت کافی گزر چکا ہے اور کل ہمارے جو بزرگ اور بڑے ہیں، وہ ہی اسی پر اظہار خیال کرینگے اس حوالے سے لیکن آج جو سارے ہاؤس کا ماحول دیکھا، سب ساتھیوں کو سنا، اپوزیشن کے اور اقتدار کے سب کو، تو ایک خوشی کا احساس اسلئے ہوا کہ اس درد نے ہم سب کو اکٹھا کر رکھا ہے۔ جو صورتحال سے ہم دو چار ہیں، اس حوالے سے کہ:

؎ دل میں ایک لہر سی اٹھی ہے ابھی کوئی تازہ ہوا چلی ہے ابھی

اس حوالے سے ذرا دل کو تسلی ہوتی ہے کہ آج ہماری کم سے کم اس ہاؤس سے جو آواز اٹھی ہے، وہ اتحاد اور اتفاق اور یکجہتی کی آواز ہے۔ امن کے قیام کے حوالے سے جو جو تجاویز جن جن ساتھیوں نے پیش کیں، اپنے

احساسات اور جذبات کو مدنظر رکھتے ہوئے بڑی خوش اسلوبی سے انہوں نے اپنے خیالات کا اظہار کیا اور سب ساتھیوں نے کہا کہ الفاظ سے کچھ نہیں بنتا، تقریر کرنے سے کچھ نہیں بنتا لیکن اسمبلی میں آنے کیلئے تلوار چلانا نہیں پڑتا، یہاں پر اپنے خیالات کا اظہار کرنا پڑتا ہے اور جو اپنے ذہن میں کچھ تجاویز لے کر آئیں اور وہ پیش کریں تو وہ اس اسمبلی کا جو وقت ہے، اسی کے حوالے سے ہم اپنا قیمتی رائے دے کر قوم کو راستہ دکھانے کی کوشش کرتے ہیں اور یہی ہماری ذمہ داری ہے۔ اس ذمہ داری کے تحت میں تمام ساتھیوں کو اتنا بتاتا چلوں کہ یہ کوئی اتنا سیدھا سادہ مسئلہ نہیں، نہ کسی جذبات کی رو میں بہہ کر بات کرنے کا مسئلہ ہے، نہ اپنی خواہشات کو مدنظر رکھ کر اس پر بات کی جائے تو یہ مکمل ہو جائیگی۔ اتنا بڑا پیچیدہ مسئلہ جس میں بین لاقوامی اور ملکی قوتیں ملوث ہو کر اپنے مفادات کی خاطر خود ہی خون بہانے پر تل جائیں تو وہ کوئی ایسی بات نہیں ہے کہ ہم اور تم اپنے الفاظ کے ذریعے صرف اس انداز میں کہ ہم یہ کہہ سکیں کہ جو کچھ ہو رہا ہے، وہ سیدھا سادہ مسئلہ ہے تو ایسا مسئلہ نہیں ہے۔ ایک پچیس سالہ پرانا مسئلہ ہمارے گلے پڑ چکا ہے اور وہ ایسا نہیں، آج کسی نے خوب کہا کہ افغانستان کے حوالے سے بات کی، وہی دھرتی جو ہمارے اباواجداد کی دھرتی ہے اور ہم نے اس دن کہا تھا کہ افغانستان میں مداخلت نہ کی جائے، یہ لڑائی ہماری لڑائی نہیں ہے، یہ سپر پاورز کی لڑائی ہے، امریکہ اور روس کی لڑائی ہے، اس میں ٹانگ مت اڑاؤ۔ اس وقت کسی نے ہماری بات نہیں سنی اور ہم نے افغانستان کو اپنا پانچواں صوبہ سمجھ کر جو کچھ ہم نے یہاں سے کیا، اس کی تاریخ گواہ ہے کہ ہم نے جو کچھ کیا، وہ مناسب نہیں تھا اور نہ کرنا چاہیئے تھا۔ افغانستان کا اپنا مسئلہ تھا اور ان کو خود ہی اس سے نمٹنا چاہیئے تھا لیکن ہم نے یہاں پر جب افغان مہاجرین کو مجاہدین بنایا، ان کو ٹریننگ دی، ان کے ہاتھ میں قلم کی بجائے کلاشنکوف دیا اور ان کو ٹرینڈ کرتے رہے صرف اسلئے کہ وہ افغانستان میں مداخلت کرتے رہیں اور ہم ان کو راستہ مہیا کرتے رہے، اسلحہ دیتے رہے تو جب ہمارے ولی خان صاحب فرمایا کرتے تھے کہ جب آپ کسی کے گھر میں بم پھینکیں گے تو وہاں سے گلدستے نہیں آئیں گے، پچیس سال قبل کہنے والی بات آج کتنی سچ لگ رہی ہے۔ کاش اس وقت ہماری بات کوئی مان لیتا اور اس سے قبل باچا خان نے کیا خوب فرمایا تھا کہ اختلاف لاکھ سہی، ہم تمام ساتھیوں کا احترام کرتے ہیں اور دل سے احترام کرتے ہیں۔ بڑی ایمانداری سے انہوں نے کہا کہ یہ روس اور امریکہ کی لڑائی ہے، کفر اور اسلام کی لڑائی نہیں ہے اور اس میں اگر ہم ٹانگ اڑائیں گے تو مر جائیں گے۔ بھینسوں کی لڑائی میں مینڈک کو مرنا ہے،

بھینسیں آپس میں نہیں مریں گی۔ بھینسیں لڑیں گی تو مینڈک کو مرنا ہے، ہمیں اس لڑائی میں ٹانگ نہیں اڑانا لیکن کاش باچا خان کی وہ بات کسی نے نہیں مانی۔ آج افغانستان میں روس نہیں ہے لیکن اسلام تو نہیں آیا، کون آیا؟ جن کی لڑائی تھی، روس مار کھا گئے تو امریکہ وہاں پہ آیا۔ آج بھی اگر ان غلطیوں سے سبق نہ سیکھیں اور صرف ان غلطیوں کو درست گردانے کیلئے انہی پر اکتفا کیا تو یہ مناسب نہیں ہو گا۔ آئیں کہ آج ہم تمام پس منظر کو دیکھ کے، اس کے تحت پالیسیاں اپنائیں۔ افغانستان میں جو کچھ ہوا، وہاں پر بھی پختون مرے، مسلمان پختون افغانستان میں، اکثریت جہاں جہاں لڑائی تھی افغانستان میں، جہاں پر ازبک تھے، تاجک تھے، وہاں پر وہ لڑائی نہیں لڑی گئی۔ آج بھی یہاں پر جب یہ لڑائی آئی، تو آج بھی ہماری ٹرائیبل بیلٹ میں اگر یہ لڑائی لڑی جاری رہی ہے، وہ بھی ہمارے پختون، مسلمان انسان ہیں اور اس صوبے میں بھی۔ کیا پاکستان میں دیگر صوبوں میں مسلمان نہیں بستے، وہاں پر یہ صورتحال کیوں نہیں ہوئی، ہماری یہ پوزیشن کیوں بنی؟ آئیں کہ اسکا تجزیہ کریں اور یہ بڑی ایمانداری سے تجزیہ کر کے اس سمت جائے جس سمت امن کا قیام ممکن ہو، نہ کہ خون بہانا اور آج جو اشارتاً ساری باتیں کہی گئیں، ہماری کابینہ کا جو اجلاس ہوا، اس میں تفصیل سے ان حالات کا جائزہ لیا گیا اور میں سمجھتا ہوں کہ اس ملک کی تاریخ میں پہلی دفعہ جو کابینہ کی بریفنگ ہم دے رہے تھے تو اس سے قبل کوئی اتنا کھل کے نہیں بولا، جتنا کہ ہم اس کابینہ کے بعد کھل کے بولے آپریشن کے حوالے سے بھی، اس ملک کے حوالے سے بھی، اداروں کے حوالے سے بھی، حکومت کے حوالے سے بھی کیونکہ ہماری ذمہ داری بنتی ہے اور ہم نے جو کچھ کہا، وہ ریکارڈ پر ہے لیکن ہم نے خلوص سے کہا، ہم نے کسی کو موردالزام ٹھہرانا نہیں تھا، کسی پر انگلی اٹھانی نہیں تھی بلکہ ہمارا مدعا تھا امن کا قیام اور اسی حوالے سے آج یہاں پر ساتھیوں نے کہا کہ حکومت کا قبلہ درست، تو اس سے زیادہ کیا ہو سکتا ہے کہ ایک جمہوری پارلیمانی نظام کو یہاں پر دوام مل رہا ہے اور ڈکٹیٹر شپ کا خاتمہ ہو چکا ہے تو یہی ہے ایوان کہ اسی میں پالیسی بنائی جاتی ہے اور ہماری مرکزی حکومت، آج اگر صوبائی حکومت اٹھ کر مرکزی حکومت پر انگلی اٹھائے تو اس سے بات نہیں بنے گی۔ اگر مرکزی حکومت نے صوبہ پر انگلی اٹھائی تو اس سے بات نہیں بنے گی۔ بات تب بنی گی جب ہم مل بیٹھ کر آپس میں ایک ہو کے بات کریں گے۔ ہم اسی ملک کے ایک ہی لوگ ہیں، کسی کو مرکز کی ذمہ داری ملی ہے اور کسی کو صوبے کی ذمہ داری ملی ہے اور ہمیں اپنی اپنی ذمہ داری نبھانی ہے۔ مرکزی حکومت نے بڑی خوش اسلوبی سے اس حوالے سے ذمہ داری نبھائی کہ انہوں نے

تمام مکتبہ فکر کے لوگوں کو اکٹھا کر کے، ان کیمرہ سیشن بلا کے، تمام کے خیالات کو سمجھا، انکی تجاویز سنیں اور پھر ان تجاویز کی روشنی میں متفقہ قرار داد پاس ہوئی، تمام مکتبہ فکر کے لوگوں نے اس میں حصہ لیا اور وہ قرار داد پاس کی۔ یہ ہماری حکومت، عوامی حکومت، پولیٹکل حکومت کی سیاسی پالیسی ہے جو انہوں نے مشترکہ قرار داد کے ذریعے دی۔ آج اسمبلی سے اسی قرار داد کو تقویت دینے کیلئے ہم پر زور انداز میں یہ ان سے مطالبہ نہیں بلکہ اپنے دل کی آواز سناتے ہیں کہ اس قرار داد پر من وعن عمل کیا جائے، اس کی روح کے مطابق اس پر عمل کیا جائے کیونکہ تاریخ میں کبھی اس طرح کا ماحول نہیں ملا تھا کہ تمام سیاسی پارٹیاں مل کر ایک ہی متفقہ قرار داد پاس کریں گی اور اس حوالے سے میں حکومتی بنچ کی نہیں کہ پیپلز پارٹی کی بات کروں، عوامی نیشنل پارٹی کی بات کروں، جمعیت العلمائے اسلام کی بات کروں، میں اس میں مسلم لیگ (ق) کی بھی بات کروں گا اور ساتھ ہی ساتھ میں مسلم لیگ (ن) کا خاصکر بات کروں گا اور میں نواز شریف صاحب کی اس حوالے سے تعریف کرونگا کہ انہوں نے یہاں تک کہا کہ میں جمہوری حکومت کو گرانے کیلئے کوشش نہیں کرونگا، میں اس جمہوریت اور پارلیمنٹ کو مضبوط کرونگا۔ (تالیاں) ان کی یہ پالیسی کہ ہم جمہوری قوتیں جب آپس میں لڑتے ہیں تو ڈکٹیٹر شپ کو راستہ ملتا ہے تو یہ بھی سب سے خوش آئند بات ہے کہ آج پاکستان کی ساٹھ سالہ تاریخ میں ہماری پارٹیوں اور جمہوری پارٹیوں نے یہ سبق تو سیکھا کہ تمام لوگ آپس میں اکٹھے ہو رہے ہیں۔ سیاسی لوگ کیوں نہ اکٹھے ہوں؟ تو ہم بھی آج یہ کہتے ہیں کہ ہمارے آپس میں لاکھ اختلاف ضرور ہوں لیکن اس ملک کی خاطر، امن کی خاطر، ڈکٹیٹر شپ کے خاتمے کی خاطر، جمہوریت کی خاطر ہم یک آواز ہیں، ایک ہیں، ایک ہیں اور مرتے دم تک ہم ایک رہیں گے۔ (تالیاں) ہم اسی پر اکتفا کریں گے۔ اب میں ان چند جو یہاں باتیں اشارتاً کہی گئی ہیں، کل تو بشیر بلور صاحب Wind up کریں گے، وہ تفصیل سے اس پر بات کریں گے، میں صرف دو تین باتیں جو کہ انہوں نے اٹھائیں، ایک تو یہ کہ لوگوں کو معلوم ہیں اور پکڑے گئے ہیں لیکن انکے خلاف کچھ کارروائی نہیں ہو رہی، میں حکومت کی جانب سے، کہ جہاں جہاں بھی رکاوٹیں ہیں، ان کو دور کیا جائے اور ایمانداری سے اس پر عمل کیا جائے اور اگر خود کش دھماکہ کرنے والے جو پکڑا گیا ہے، اس نے جو معلومات فراہم کی ہیں، ان پر اسی طرح عمل کیا جائے اور اگر کوئی راستے میں روکاٹ ہے تو انکو بے نقاب کیا جائے (تالیاں) اب یہ وہ زمانہ نہیں رہا، کوئی بات کسی سے چھپتی نہیں اور بجائے اسکے کوئی یہ کہے کہ یہ میری طرف اشارہ ہے، اسکی

طرف اشارہ ہے نہیں، ہم میدان جنگ میں ہیں اور بڑی ایمانداری سے کہہ رہا ہوں کہ خدا ہم سب کا بھلا کرے، آج ہمیں ایک موقع ملا ہے کہ ہم بول بھی رہے ہیں، لوگ ہمیں سن بھی رہے ہیں، خدا نہ کرے کہ ایک مہینہ بعد نہ یہاں پر بولنے والا ہوگا اور نہ کوئی سننے والا ہوگا۔ جو صورتحال تیزی سے بدل رہی ہے اور صورتحال مزید کروٹیں لے رہی ہے، اس کیلئے میں صرف اتنی وضاحت کرتا چلوں کہ پولیٹکل گورنمنٹ کی طرف سے، سیاسی پارٹیوں کی طرف سے پالیسی میں کوئی ابہام نہیں ہے نہ مرکزی سطح پر اور نہ صوبائی سطح پر، ہماری پالیسیوں میں کوئی ابہام نہیں ہے، ہم دہشتگردی کے خلاف ہیں، ہم دہشتگروں کا راستہ روکنا چاہتے ہیں اور یہی پالیسی ہماری ہے کہ آج دہشتگروں کا جو طریقہ کار ہوتا ہے کہ وہ لیڈرشپ کو ختم کرتے ہیں۔ عراق کی آپ تاریخ اٹھا کے دیکھیں، لیڈرشپ کو ختم کیا، آج عراق الٹ پلٹ ہو رہا ہے، کوئی اسکا پرسان حال نہیں۔ افغانستان میں لیڈرشپ کو ختم کیا گیا، آج انکا پرسان حال کوئی سننے والا نہیں ہے۔ ہماری اس ملک کی لیڈرشپ کو بھی ختم کیا جا رہا ہے، نہ اقتدار کی، نہ اپوزیشن کی، تمام لیڈرشپ کی بات کر رہا ہوں، تمام لیڈرشپ کو خطرہ ہے اور ہم اس دوراہے پر کھڑے ہیں کہ آج ہمیں فیصلہ کرنا ہوگا۔ بے نظیر بھٹو وہ تو حکومت میں نہیں تھیں، آج کیوں ہم سے جدا ہو گئیں؟ وہ تو اپوزیشن میں تھیں تو ان کو کون کھا گیا؟ بے نظیر کو کس نے شہید کیا؟ وہ کون سے ہاتھ ہیں؟ اس حوالے سے اگر میں یہ کہوں کہ اسفندیار ولی خان پر خودکش دھماکہ ہوا تو کس نے کروایا؟ آج لیڈرشپ، یہی وزیر اعظم پر حملہ ہوا تو کس نے کیا؟ اس ملک میں اگر سربراہوں اور اپوزیشن کے لیڈروں کو آپ اٹھا کے دیکھیں تو ہر ایک کو خطرہ ہوگا لیکن اس خطرے سے ڈرنا نہیں ہے، اس سے سبق حاصل کرنا ہے کہ یہ کون کر رہا ہے اور کس حوالے سے کر رہا ہے تو ہماری لیڈرشپ کو ختم کرنے سے قبل آج ہمیں عراق اور افغانستان کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنی پالیسی کو بالکل واضح اور دوٹوک الفاظ میں بیان کرنا ہوگا۔ ہم اس وقت کا انتظار نہیں کر سکتے کہ کل کو ہماری لیڈرشپ نہیں ہوگی۔ اس ایوان میں جو کل میں نے کہا تھا حکومت کی جانب سے کہ جس نے بھی اسفندریار ولی خان پر خودکش دھماکہ کیا، ہم آج بھی انکو معاف کرنے کیلئے تیار ہیں اور مذاکرات کرنے کیلئے بھی تیار ہیں۔ وہ اسلحہ رکھیں تو حکومت مذاکرات کرے گی اور ہم اس پر کھڑے ہیں کہ امن کے قیام کیلئے سب سے افضل اور مقدس راستہ مذاکرات کا ہے اور ہم تو باچا خان کے پیروکار ہیں، عدم تشدد کے پیروکار ہیں، امن کے پجاری ہیں، ہم کسی بھی قیمت پر نہ گولی چلانا چاہتے ہیں، نہ کسی کا خون بہانا چاہتے ہیں۔ ہم سمجھتے ہیں کہ ان تمام

مسائل کا حل مذاکرات ہیں لیکن اگر کوئی پیار سے بات نہ مانے، کوئی افہام وتفہیم سے بات نہ مانے، کوئی مذاکرات کا راستہ نہ اپنائے، کوئی میرے بیٹے کو ذبح کرے، کوئی میری بیٹی کی بے حرمتی کرے، کوئی میرے بڑوں کی پگڑی کو اچھالے، کوئی میری مسجدوں کو شہید کرے، کوئی قرآن شریف کو شہید کرے تو کیا حکومت کی طرف سے، خدا کی طرف سے یہ ذمہ داری ہم پر عائد نہیں ہے، آئین کی طرف سے یہ ذمہ داری ہم پر عائد نہیں ہے کہ ہم لوگوں کی جان ومال کی حفاظت کریں، ہم ان دہشتگردوں کا راستہ روکیں؟ ہمیں کھل کر یہ بات کرنی ہے، ڈر کر نہیں، چھپ کر نہیں، حیلے بہانوں سے نہیں، اشاروں سے نہیں، اگر افہام وتفہیم سے بات نہیں مانیں گے تو حکومت کی ذمہ داری ہے کہ طاقت کے ذریعے دہشتگردی کا خاتمہ کیا جائے اور امن کو فی الفور وہاں پر بحال کیا جائے (تالیاں) اور اس کیلئے میں تمام مکتبہ فکر کے ساتھیوں سے گزارش کرونگا کہ اس میں دو راستے نہیں ہونے چاہئیں۔ اگر ان کا کوئی بس چلتا ہے، ہم اپوزیشن کو گلے سے لگاتے ہیں، یہاں پر ایک سوال اٹھا کہ مذہبی پارٹیوں سے آپ فائدہ اٹھائیں اور ان کو گلے سے لگائیں، خدا گواہ ہے کہ اس امن کی خاطر یہاں پر ہماری جتنی بھی مذہبی حوالے سے پارٹیاں ہیں، میں بڑی ایمانداری سے کہتا ہوں کہ حکومت کی طرف سے کھل کر ہم ان سے کہتے ہیں کہ آئیں یہ ہمارا اور آپ کا آپس کا مسئلہ ہے، آئیں یہ ہمارا ایک مسئلہ ہے، جتنی عزت اور احترام کی ضرورت ہے، حکومت کے حوالے سے آپ کو جتنی بھی عزت واحترام کی ضرورت ہے، میں Surety دیتا ہوں، اگر آپ وزیر اعلیٰ کی حد تک بات کریں، اگر آپ وزیر اعظم کی حد تک بات کریں، اگر آپ پریذیڈنٹ کی حد تک بات کریں، خدا گواہ ہے کہ ہم وہی عزت آپ کو دیں گے، اپنی جان سے زیادہ عزت دیں گے۔ اس امن کی خاطر اگر ہم دہشتگردوں کو معاف کر سکتے ہیں، آپ تو ہمارے اپنے بھائی ہیں، اس اسمبلی کے آپ منتخب نمائندے ہیں، ہم سے بڑھ کر آپ اس بات کا اظہار بھی کر سکتے ہیں اور اگر آپ نے ہمارا ساتھ دیا تو یہ ہمارا ساتھ نہیں ہے، اس قوم کا ساتھ آپ دیں گے اور اس کیلئے میں صرف مذہبی پارٹیوں سے ہی نہیں بلکہ تمام پارٹیوں سے یہ گزارش کرونگا، کسی کا نام لوں تو مناسب نہیں، کوئی مجھ سے رہ جائیگا، میں تمام پارٹیوں سے التجا کرتا ہوں، منت کرتا ہوں اور درخواست کرتا ہوں کہ اے بھائیو، جتنا خون بہا، اتنا زیادہ، بس، جتنے ہمارے بیٹے شہید ہوئے، اتنا بس، جو ہماری دھرتی میں بم بلاسٹ ہوئے، جو سینہ اس کا چیر ہوا ہے، اتنا بس، ظلم کی جو انتہا ہوئی، بس۔ آئیں کہ اس ظلم کے خلاف سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن جائیں، ایک ہو کر بن جائیں، کسی کو یہ نہ دکھائی

دے کہ یہ حکومت اور یہ اپوزیشن ہے۔ ہم ایک ہیں، اس دھرتی کے پالے ہوئے ہیں، اس دھرتی پہ پیدا ہوئے ہیں، اس دھرتی کے ہم بیٹے ہیں، اس دھرتی کے رکھوالے ہیں، اس دھرتی کے متوالے ہیں، سر ہتھیلی پر رکھ کے جان دیں گے لیکن امن کا قیام ممکن بنانے کیلئے ایک ہوں گے، اکھٹے ہوں گے، متحد ہوں گے تب ہی میرا راستہ کھل کر سامنے آئے گا۔ اسلئے میں التجا کرتا ہوں کہ اے بھائیو، یہاں پر ہماری بہنیں بھی ہیں، بھائی بھی ہیں، مختلف مکتبہ فکر کے لوگ بھی ہیں اور اس اسمبلی کے حوالے سے میں تمام ملک کے ساتھیوں کو، تمام لوگوں اور بین الاقوامی قوتوں کو بھی اپیل کرتا ہوں کہ خدارا جتنا خون بہا ہے، بس ہمارے گریبان سے ہاتھ نکال دیں۔ بس ہمارے مستقبل سے کھیلنا بند کر دیں۔ بس جتنا ہوا، اتنا بس ہے، ہم اور برداشت کرنے کے قابل نہیں ہیں۔ اس کیلئے ہمیں ایک ہونا ہوگا اور میں سمجھتا ہوں کہ اس میں دورائے نہیں ہوگی، اسلئے کہ اگر ہمیں موت بھی آئے، یہاں پر بہت ساتھیوں نے کہا، مجھے بڑی خوشی ہو رہی تھی کہ آج جو باتیں ہوئیں، بڑی کھل کے ہوئی ہیں، ہم سمجھتے ہیں کہ موت تو ایک دن آنی ہے، جو ڈر گیا، وہ ہر لمحے مرے گا، جو نہیں ڈرا، وہ ایک بار مرے گا، ہمیں ایک بار عزت کے ساتھ مرنا منظور ہے، بے عزتی کے ساتھ ہر لمحہ منظور نہیں ہے۔۔۔۔۔

Mr. Speaker: Thank you, Mian Sahib.

وزیر اطلاعات: اور اس کا خاتمہ کہ اگر موت کی بات ہے تو میں اتنا کہتا چلوں کہ:

کون کہتا ہے کہ موت آئے تو مر جاؤنگا — میں تو دریا ہوں سمندر میں اتر جاؤنگا
زندگی شمع کی مانند جلاتا ہوں ندیم — بجھ تو جاؤنگا مگر صبح بھی کر جاؤنگا

جناب سپیکر: شکریہ، میاں صاحب۔

وزیر اطلاعات: زۀ جناب سپیکر صاحب، د دے اپوزیشن د پارہ دوہ خبرے چہ مونږہ کوم اقدامات کړی دی، مونږہ پہ کابینہ کښے چہ کوم اقدامات اوچت کړی دی د پولیس د پارہ، د ایلیټ فورس د پارہ، د هغوی د پارہ چہ کوم هغہ ټریننګ هم سټارټ شوے دے، پہ هغے باندے آغاز هم شوے دے او د هغے نہ پس پینځہ سوہ کسان بہ اوس ټریننګ کوی زر او ورسرہ پنځلس سوہ نور، پنځویشت سوہ کسان هغہ ایلیټ فورس دے ځکہ زمونږہ د پولیس ټریننګ د هغے قابل نہ دے چہ د دے حالاتو مقابلہ اوکړی نو پہ نوی طریقہ باندے، پہ جدید طریقہ هغوی تہ ټریننګ ورکړے کیږی او چہ

کوم پنځلس سوه اوشو، زر به ورکوی او بیا به چه کوم دے، دا کوم خالی ځایونه وی نو په دے به پولیس بهرتی کوی۔ زهٔ ګرانو ملګرو، ستاسو د هاؤس په وساطت، زمونږه د مرکز سره ډیر ښه تعلق دے، زمونږه لس پلاټونه ایف سی په اسلام آباد کښے دی، مونږه خواست کوؤ، زمونږه ضرورت دے، په ځائے د دے چه مونږه نور بهرتی کوؤ، نور ټریننګ کوؤ، هغوی بهرتی دی او ټریننګ شوی دی او تنخواګانے اخلی، زمونږه حالات داسے دی چه طمع او توقع لرو چه هغه به زر مونږه ته دوئ راواپس کړی او دا زمونږه ضرورت دے، د دے نه بغیر بله لاره نشته۔ ډیرے خبرے به مے کړے وے خو سپیکر صاحب، وخت ډیر ناوخته دے او زړه مو ډیر څه غوښتل یو ځل بیا زهٔ د اپوزیشن د ملګرو د زړه د کومی نه شکریه ادا کوم، ډیر په ایمانداریٔ خبرے کړے دی۔ مونږه به د دوئ ټول تجاویز زیر غور راوالو او د امن په خاطر ټول اقدامات به کوؤ۔ زهٔ به په پښتو کښے د اجمل صاحب دا شعراووایم، بیا اجازت غواړم چه:

ے اے پښتنو، اے لیونو پښتنو
اے تهس نهس شوی پرګنو پښتنو
راځئ چه کور کښے مرکه شو سره
د سیالئ وخت دے چه جرګه شو سره
دنیا بدلیږی ورته ځان بدل کړو
دا د ظلم زور خوړلے ګلستان بدل کړؤ

ډیره مننه، شکریه جی۔

Mr. Speaker: Thank you, Main Sahib .The sitting is adjourned till 10a.m. of tomorrow morning. Thank you.

(اسمبلی کا اجلاس بروز بدھ مورخہ 31 دسمبر 2008 صبح دس بجے تک کیلئے ملتوی ہوگیا)